© rasailojaraid.com

# حج کمیٹی

(پارلیمنٹ کے ایکٹ نمبر ۵۱ سنہ ۱۹۵۹ء کے تحت تشکیل شدہ ادارہ)

## پروگرام حج ۱۹۷۷ء

**بمبئی سے بحری جہازوں کی روانگی :-** ہم انتہائی مسرت کے ساتھ ذیل میں حج ۱۹۷۷ء کے لئے جہازوں کی روانگی کا عارضی پروگرام پیش کرتے ہیں :-

| بمبئی سے روانگی | | جدہ سے واپسی |
|---|---|---|
| **قبل رمضان** | | |
| ۱- ایس۔ ایس محمدی ۱ر اگست ۱۹۷۷ء | ۱- | ۲۸ر نومبر ۱۹۷۷ء |
| ۲- ایم۔ وی اکبر ۴ر اگست ۱۹۷۷ء | ۲- | ۳۰ر نومبر ۱۹۷۷ء |
| **بعد رمضان** | | |
| ۳- ایم۔ وی اکبر ۱۷ر ستمبر ۱۹۷۷ء | ۳- | ۱۵ر دسمبر ۱۹۷۷ء |
| ۴- ایس۔ ایس محمدی ۲۰ر ستمبر ۱۹۷۷ء | ۴- | ۱۷ر دسمبر ۱۹۷۷ء |
| ۵- ایم۔ وی اکبر ۳ر اکتوبر ۱۹۷۷ء | ۵- | ۲ر جنوری ۱۹۷۸ء |
| ۶- ایس ایس محمدی ۹ر اکتوبر ۱۹۷۷ء | ۶- | ۴ر جنوری ۱۹۷۸ء |
| ۷- ایم۔ وی اکبر ۱۴ر اکتوبر ۱۹۷۷ء | ۷- | ۱۹ر جنوری ۱۹۷۸ء |
| ۸- ایم۔ وی نورجہاں ۲۷ر اکتوبر ۱۹۷۷ء | ۸- | ۲۴ر جنوری ۱۹۷۸ء |
| ۹- ایس ایس محمدی ۳۰ر اکتوبر ۱۹۷۷ء | ۹- | ۲۶ر جنوری ۱۹۷۸ء |
| ۱۰- ایم۔ وی اکبر ۳ر نومبر ۱۹۷۷ء | | ۴ر فروری ۱۹۷۸ء |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**کرایہ جہاز** { **بمبئی جدہ اور واپسی :-** بمبئی کے سفر کا کرایہ مندرجہ ذیل ہے، صرف واپسی ٹکٹ جاری کیے جائیں گے ۔

| کلاس | کرایہ معہ خوراک | محاصل خدمات جدہ کرایہ مکانات | فارن ٹریول ٹیکس | بی پی ٹی وغیرہ فیس | پلگرم پاس وغیرہ فیس | حج ہاؤس فنڈ | مجموعی رقم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرسٹ کلاس (بالغ) | ۳۸۵۰ روپے | ۱۱۰ روپے | ۴۸۱ روپے ۲۵ پیسے | ۱۰ روپے | ۴۲ روپے | ۱۰۰ روپے | ۴۵۹۳ روپے ۲۵ پیسے |
| فرسٹ کلاس (بچہ ایک تا دو سال) | ۹۶۲ روپے ۵۰ پیسے | - | ۱۲۰ روپے ۵۰ پیسے | ۱۰ روپے | ۴۲ روپے | - | ۱۱۳۵ روپے |
| بنک کلاس (بالغ) | ۲۰۰۰ روپے | ۱۱۰ روپے | - | ۵ روپے | ۴۲ روپے | ۵۰ روپے | ۲۲۰۷ روپے |
| بنک کلاس (بچہ ایک تا دو سال) | ۵۰۰ روپے | - | - | ۵ روپے | ۴۲ روپے | - | ۵۴۷ روپے |

**نوٹ :-** حسب ذیل سہولیات کے لئے مندرجہ ذیل زائد رقم ادا کرنی ہوگی ۔

(۱) ڈی لکس کیبن کے لیے جس میں غسل خانہ ساتھ منسلک ہے سو روپے فی برتھ فرسٹ کلاس کے کرایہ سے زائد ادا کرنا ہوگا ۔

(۲) ڈورمیٹری کلاس (جو صرف نور جہاں میں ہے اور جو کیبن کے قسم کی کلاس ہے) بنک کلاس کے کرایہ کے اوپر دو سو روپیہ زائد دینے ہوں گے ۔

(۳) ایرکنڈیشنڈ بنک کلاس کے لئے جو صرف ایم ۔ وی نور جہاں میں ہے بنک کلاس کے کرایہ سے پچاس روپے زائد دینے ہوں گے ۔

ڈی لکس کیبن اور ڈورمیٹری کلاس کے لئے زائد رقم جہاز کی روانگی سے صرف چھ دن قبل وصول کی جائیگی ۔ اسی طرح ایرکنڈیشنڈ بنک کلاس کی سیٹ کیلئے جو صرف ایم وی نور جہاں میں ہے، زائد رقم بمبئی میں جہاز کی روانگی کے وقت ان عازمین حج سے وصول کیجائیگی جنکو اس جہاز میں جگہ دی گئی ہو ۔ عازمین حج کو انمیں سے کسی کلاس کی زائد رقم جہاز کے کرایہ کے ڈرافٹ میں ہرگز شامل نہیں کرنی چاہیے ۔ ایک سال سے کم عمر بچوں سے صرف ۴۲ روپے برائے پلگرام پاس اور بی پی ٹی وغیرہ کی فیس وصول کی جائیگی ۔

بچے جن کی عمر دو اور سولہ سال کے درمیان ہوگی ان کو حج پر جانے کی اجازت نہیں دیجائیگی ۔ البتہ والدین اپنے ساتھ صرف دو سال تک کی عمر کے بچے لے جا سکتے ہیں بشرطیکہ ایسے بچوں کی عمر سوار ہونیکی تاریخ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تک دو سال سے زیادہ نہ ہو جس کے لئے متعلقہ حکام سے حاصل کردہ پیدائشی سرٹیفیکیٹ درخواست کے ساتھ ہونا لازمی ہے۔

**پابندیاں:** ۔ حکومت ہند نے عازمین حج کے مفاد میں اور انکی بھلائی کے پیش نظر بعض پابندیاں عاید کی ہیں۔ لہذا عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ ان عائد کردہ پابندیوں کو اچھی طرح سمجھ کر درخواست دیں۔ درج ذیل عازمین کی درخواست قبول نہیں کی جائیں گی۔

(الف) وہ افراد جو گذشتہ ۵ سال یعنی ۱۹۷۳ تا ۱۹۷۷ کے درمیان ہندوستان کے کسی بھی حصہ سے فریضہ حج ادا کر چکے ہیں، ایسے افراد حج بدل پر بھی نہ جا سکیں گے۔

(ب) بچے جن کی عمر دو اور سولہ سال کے درمیان ہوگی۔

(ج) وہ عازمین جن کے پاس غیر ملکی زرمبادلہ دو ہزار سعودی ریال سے کم ہوگا، گذشتہ سال ایک ہزار نو سو پچاس سعودی ریال برابر تھے پانچ ہزار اکتیس روپے کے۔ اس سال کی ہندوستانی رقم ۵ ہزار دو سو روپیہ کے لگ بھگ ہوگی لیکن صحیح رقم بعد میں بتائی جائے گی۔

(د) وہ خواتین جنہیں جہاز پر سوار ہوتے وقت پانچ ماہ یا اس سے زیادہ کا حمل ہوگا۔

(ہ) درج ذیل بیماریوں اور معذوریوں میں مبتلا افراد:۔

(۱) دماغی امراض (۲) تپ دق یا سل (۳) قلبی امراض (۴) شدید دمہ (۵) متعدی جذام و دیگر شدید متعدی بیماریاں یا جسمانی معذوریاں۔

**نوٹ:** ۔ شدید بیماری یا کسی خاتون کے حمل پر شبہ کی حالت میں بمبئی میں ان کا طبی معائنہ کیا جائیگا لہذا عازمین حج غلط بیانی سے درخواست نہ دیں۔

**درخواست بھیجنے کا طریقہ:** ۔ حج ۱۹۷۸ء کے تمام عازمین حج کیلئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ مرکزی حج کمیٹی بمبئی یا اپنی ریاستی حج کمیٹی سے بلا قیمت تقسیم کئے جانے والے درخواست فارم اور ہدایت کا پرچہ حاصل کریں پرانے فارم پر کوئی درخواست قبول نہیں کیجائیگی (۱) عازمین حج جنکی درخواستیں گذشتہ ۵ سال میں مسترد ہو چکی ہوں انکو اعلان کے مطابق فوقیت دیجائیگی۔ بشرطیکہ وہ گذشتہ کی نامنظور شدہ درخواستیں نئی درخواست کے ساتھ منسلک کریں (۲) تمام عازمین حج اپنی درخواستیں اور کرایہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی رقم بینک ڈرافٹ کی صورت میں "حج کمیٹی بمبئی" کے دفتر میں روانہ کریں (۳) تمام بینک ڈرافٹ "حج کمیٹی" کے نام جاری کیے جائیں (۴) کرایہ کی رقم کسی اور شکل میں مثلاً منی آرڈر، بیمہ، چیک یا نقد ہرگز نہیں قبول کی جائیگی (۵) درخواست کے دونوں فارم ہر طرح سے مکمل ہونے چاہئیں۔ ایک سال سے کم عمر کے بچے کے علاوہ تمام عازمین حج کیلئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ پاسپورٹ سائز کا نیا فوٹو ہر درخواست پر چسپاں کریں اور مزید چار فوٹو (مکمل چھ فوٹو) جنکی پشت پر دستخط کنندہ کا پورا نام لکھا ہو درخواست کے ساتھ منسلک کردیں۔ خواتین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بھی اپنے چھ فوٹو مثل مردوں کے درخواست فارم کیساتھ روانہ کریں (۶) ریاست جموں وکشمیر، منی پور، جزائر انڈومان ونکوبار اور لکشادیپ سے آنیوالی درخواستوں کا انتخاب ریاستی حج کمیٹی یا ایڈمنسٹریٹر کرتے ہیں لہذا ان مقامات کے عازمینِ حج صرف مقامی حکام کو درخواستیں دیں گے۔

**درخواستیں وصول ہونیکی آخری تاریخ:** سن حج ۱۹۷۷ء کیلئے مقررہ فارم پر تمام درخواستیں ہدایت کے مطابق ہر اعتبار سے مکمل اور رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ اس طرح روانہ کیجائیں کہ "حج کمیٹی" کے آفس میں ۲۵ جون ۱۹۷۷ء کو یا اس سے قبل پہنچ جائیں۔ ۲۵ جون کے بعد پہنچنے والی کوئی درخواست قبول نہیں کیجائیگی بلکہ اسے بھیجنے والے کو واپس کردیا جائیگا۔

**درخواست فارم:** نئے جاری کردہ درخواست فارم اور ہدایت کا پرچہ برائے حج ۱۹۷۷ صرف عازمین حج کو انکی گذارش پر حج کمیٹی مفت تقسیم کرتی ہے۔ عازمین حج کیلئے لازمی ہے کہ وہ حج ۱۹۷۷ کیلئے چھپے ہوئے نئے فارم کا استعمال کریں۔ یہ بات خاص طور سے یاد رکھنی چاہئے کہ درخواست فارم مہیا کرنے اور کرایہ کی رقم وصول کرنے یا اس طرح کا کوئی کام انجام دینے کیلئے حج کمیٹی انڈیا نے اپنا کوئی شعبہ، نمائندہ یا ایجنٹ مقرر نہیں کیا ہے لہذا کسی ایجنٹ کی خدمات حاصل کرکے پریشان نہ ہوں۔

**سامان:** حجاج کرام سو کلو سے زائد سامان مع ساتھ لیجانے والے اناج کے اپنے ساتھ لیکر نہ جائیں ورنہ انکو جدہ سے مکہ سامان لیجانے میں انتہائی دقت ہوگی۔ ہوسکتا ہے کہ زائد سامان جدہ ہی میں چھوڑنا پڑے۔

**ضروری اور اہم:** گذشتہ سال سے حج کیلئے درخواستوں کی وصولی اور قرعہ وغیرہ کا پورا کام حج کمیٹی کے ذمہ ہے۔ لہذا تمام خط وکتابت، عازمین حج صرف "حج کمیٹی" سے کریں بمکمل تفصیلات اور درخواست فارم کی طلب اور مزید خط وکتابت حسب ذیل پتے پر کیجیے۔

**مسعود حسن صدیقی**
ایگزیکیٹو آفیسر حج کمیٹی

فون: ۲۶۲۹۸۹

**صابو صدیق مسافرخانہ**

© rasailojaraid.com